# تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی

قاعدہ، ناظرہ اور حفظ اور کرنے والے بچے بچیوں کے لئے ایک جامع تربیتی و تعلیمی نظام

سکولز، مدارس، مکاتب و مساجد کے بچے بچیوں کے لئے یکساں مفید۔

۱۔ ضرورت واہمیت۔

۲۔ تعارف نصاب۔

۳۔ نصاب پڑھانے کا طریقہ کار۔

۴۔ دیگر ہم نصابی سرگرمیاں۔

۵۔ تربیت معلمین۔

۶۔ چند اہم خصوصیات۔

۷۔ اثرات ثمرات وفوائد۔

## ۱: ضرورت واہمیت

ہمارے ملک میں دو نظام ہائے تعلیم رائج ہیں ایک کو عصری تعلیم اور دوسرے کو دینی تعلیم کا نام دیا جاتا ہے۔ دونوں نظام اپنی اپنی حدود میں کامیابی سے کام کر رہے ہیں اور اپنے مقاصد کے حصول کی جانب گامزن ہیں۔

دینی تعلیم کے حوالے سے اگر دیکھا جائے تو تقریباً تمام بچے و بچیاں ابتدائی قاعدہ ضرور پڑھتے ہیں اس کے بعد بعض بچے قرآن پاک ناظرہ اور بعض حفظ بھی کر لیتے ہیں ان قاعدہ اور ناظرہ پڑھنے والوں میں سے بہت کم ایسے ہوتے ہیں جو دینی مدارس میں رائج درس نظامی تک پہنچ پاتے ہیں۔ اسی طرح بہت کم لوگ دینی تعلیم کے حوالے سے کسی خاص فن میں اختصاص [سپیشلائزیشن] حاصل کرتے ہیں۔ زیادہ تعداد راستے میں ہی رہ جاتی ہے۔

دوسری جانب اگر دیکھا جائے تو بچپن کا دورانیہ ابتدائی تعلیم و تربیت کے حوالے سے بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے لیکن المیہ یہ ہے کہ اس جانب والدین اور اساتذہ کی طرف سے کوئی خاص توجہ نہیں دی جاتی۔ بالخصوص دینی تعلیمی اداروں میں بھی یہ کمی ہے کہ وہاں ان بچوں کے لئے کوئی باقاعدہ نصاب یا نظام نہیں۔ اگر کہیں ہے بھی تو وہ بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ [الا ماشاءاللہ]۔

لہٰذا اس ابتدائی تعلیمی مرحلے کی اہمیت اور بچوں کی تعلیم و تربیت کے پیش نظر جامعہ تبلیغ القرآن کے زیر نگرانی "تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی" کے قیام کا فیصلہ کیا گیا جس کے کثیر الجہت مقاصد میں سے ایک طرف تو بہترین اور جامع نصاب کی تیاری ہے اور دوسری طرف ایسے معلّمین و معلّمات کی تیاری کرنا ہے جو صحیح معنوں اور درست نہج پر بچوں کی تعلیم و تربیت اور ان کی کردار سازی کی ذمہ داری ادا کر سکیں۔

## ۲: تعارف نصاب:

تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی کا تیار کردہ یہ نصاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔

[۱] نصابی مواد۔ [۲] ہم نصابی سرگرمیاں۔

### نصابی مواد:

نصابی مواد میں چھ کتابیں شامل ہیں۔

[۱] تعلیم القرآن قاعدہ۔[۲] ابتدائی اسلامی تعلیمات۔[۳] سیرت النبی ﷺ اور اسلامی معلومات۔[۴] مسنون دعائیں۔[۵] اسلامی کہانیاں۔[۶] تقریر اور فن تقریر۔

### [۱] تعلیم القرآن قاعدہ:

اصول تعلیم کی روشنی میں تجوید کے مختصر مگر اہم قواعد پر مشتمل ایک جامع قاعدہ، جو بچوں کی تعلیمی ضروریات کے مطابق نہایت عرق ریزی سے تیار کیا گیا ہے۔

### [۲] اسلامی تعلیمات: اس کتاب کے چھ حصے ہیں۔

☆ ابتدائی حصہ میں ایمانیات کو شامل کیا گیا ہے تاکہ بچے کے ذہن میں اسلام کے بنیادی عقائد، توحید و رسالت اور عقیدہ آخرت راسخ ہو جائیں۔

☆ دوسرا حصہ احکام اسلام پر مشتمل ہے۔ جس میں بچوں کو اسلامی احکامات کا تعارف اور ادائیگی کا طریقہ سکھایا گیا ہے۔

☆ تیسرے حصے میں آداب کا ذکر ہے۔ اس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے متعلق آداب بیان کیے گئے ہیں۔

☆ چوتھا حصہ احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے مزین ہے۔ جس میں مختلف

موضوعات پر ایک ایک مختصر حدیث نقل کی گئی ہے۔

☆ پانچواں حصہ مسنون دعاؤں پر مشتمل ہے، جس میں اہم مواقع مسنون ومنقول دعائیں جمع کی گئی ہیں۔

☆ حصہ ششم میں ابتدائی عربی بول چال کے اہم الفاظ اور اصطلاحات ہیں مثلاً مہینوں کے نام، دنوں کے نام، مختلف سبزیوں اور پھلوں کے نام، گنتی وغیرہ۔

[۳] سیرت النبی ﷺ اور اسلامی معلومات:

اس کتاب کے دو حصے ہیں۔

☆ پہلا حصہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق سوال وجواب کی شکل میں بنیادی معلومات پر مشتمل ہے۔

☆ دوسرا حصہ اسلامی معلومات سے متعلق ہے۔ جس میں انبیاء کرام علیہم السلام، فرشتے، صحابہ کرامؓ، تابعین کے علاوہ دیگر اہم موضوعات پر معلومات جمع کی گئی ہیں۔

[۴] مسنون دعائیں:

اس کتاب میں مختلف اوقات وامور زندگی سے متعلق مسنون وماثور دعائیں، دعا کی اہمیت، آداب، صبح وشام کے اذکار، اسمائے حسنیٰ اور تلاوت ونوافل سے متعلق چند عنوانات شامل کئے گئے ہیں۔

[۵] اسلامی کہانیاں:

اس کتاب کے چار حصے ہیں۔

☆ پہلے حصہ میں سبق آموز کہانیاں ہیں جو بچوں کے اخلاقی معیار، ذہنی نشو ونما اور

کردار سازی میں معاون ثابت ہوں گی۔

☆ دوسرے حصہ میں "مختصر مگر پر اثر" کے عنوان سے دلچسپ تراشے اور حکایات شامل ہیں جن سے بچے بہت کم وقت میں بہت کچھ حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ تیسرے حصہ میں اکابرین امت ، بزرگوں اور دانشوران قوم کی مشعل راہ باتیں "اقوال زریں" کے نام سے شامل کی گئی ہیں۔

☆ چوتھا حصہ "مسکراہٹ کے پھول" پر مشتمل ہے۔ اس حصہ میں بچوں کی ذہنی تفریح، تازگی اور فطری تقاضوں کے پیش نظر چند لطیفے جمع کیے گئے ہیں۔

## [۲] تقریر اور فن تقریر:

اس کتاب کے پانچ حصے ہیں۔

☆حصہ اول میں بزم ادب کی اہمیت ، انعقاد کا طریقہ کار اور اس کے لئے تجاویز درج ہیں۔

☆حصہ دوم میں فن تقریر سے متعلق چند مفید باتیں، طریقہ کار، اندازبیاں، انتخاب الفاظ والقاب وغیرہ شامل کیے گئے ہیں۔

☆حصہ سوم میں مختلف اہم موضوعات پر تقاریر کے نمونے موجود ہیں۔ جن کو مدنظر رکھ کر بچوں کے لئے تقریر تیار کرنا آسان ہو جائے گی۔

☆حصہ چہارم میں اردو، پشتو، عربی، انگلش اور فارسی زبان میں ایک ایک تقریر کا نمونہ شامل ہے۔

☆ حصہ پنجم میں حمد باری تعالیٰ، نعت خوانی اور نظم پڑھنے کے آداب و انداز کا بیان ہے۔ اور نمونہ کے طور پر چند حمدوں، نعتوں اور نظموں کا انتخاب کیا گیا ہے۔

## [۳] نصاب پڑھانے کا طریقہ کار:

جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے کہ تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی کا نصاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ [۱] نصابی کتب [۲] ہم نصابی سرگرمیاں۔

نصابی کتب کی پڑھائی کے لئے طالب علموں کے مختلف گروپس بنائے گئے ہیں۔

- ☆ گروپ [الف] قاعدہ، ناظرہ پڑھنے والے طالب علموں کا گروپ۔
- ☆ گروپ [ب] حفظ کرنے والے طالب علموں کا گروپ۔
- ☆ گروپ [ج] ترجمہ پڑھنے والے طالب علموں کا گروپ۔

ذیل میں نصابی کتب کے بارے میں ہر گروپ کے حوالے سے ہدایات دی جاتی ہیں۔ یاد رہے کہ یہ ترتیب ہمارے جامع میں عملی طور پر نافذ شدہ ہے اور اس لحاظ سے 100% قابل عمل ہے۔

### گروپ [الف]

### قاعدہ و ناظرہ پڑھنے والے طالب علموں کیلئے۔

**پہلا مرحلہ** : چھوٹے بچے جو ابتدائی درجے میں داخل ہوتے ہیں ان کو پہلے "ابتدائی تکمیل تعلیم القرآن قاعدہ" میں چارٹ سے "حروف تہجی پر مشتمل" سبق روزانہ پڑھایا جاتا ہے۔ ابتدائی تکمیل کا سبق ہفتہ میں پانچ دن ہوتا ہے۔

ہفتے میں ایک دن "اسلامی تعلیمات" کے حصہ مسنون دعاؤں میں درج دس [10] آسان اور مختصر دعائیں یاد کرائی جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ نماز کا حصہ اول یعنی: ثنا سے لیکر سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص یاد کروایا جاتا ہے **دوسرا مرحلہ** : ابتدائی تکمیل

پڑھنے والے وہ بچے اور بچیاں جو قاعدہ شروع کرتے ہیں۔

ان کو ہفتے میں پانچ دن "تعلیم القرآن قاعدہ" جب کہ ایک دن مخصوص کرکے "ابتدائی اسلامی تعلیمات" سے کچھ حصہ پڑھایا جاتا ہے۔

اسی طرح ہفتہ وار کلاس میں نماز کا حصہ دوم یعنی تشہد، درود، دعائے قنوت وغیرہ سکھائے جاتے ہیں۔یاد رہے کہ اس مرحلے کے اختتام تک قاعدہ مکمل کروانے کے ساتھ ساتھ وضو، اور عملی طور پر نماز کا مکمل طریقہ اور کتاب "ابتدائی اسلامی تعلیمات" قاعدہ مکمل کرنے تک ختم کروائی جاتی ہے۔

**تیسرا مرحلہ**: قاعدہ سے ناظرہ منتقل ہونے والے بچے، بچیوں کو پارہ الم سے پارہ والمحصنٰت یعنی پہلے پانچ پاروں کے ساتھ ہفتے میں ایک دن "مسنون دعائیں" کی کتاب سے تھوڑا تھوڑا سبق پڑھایا جاتا ہے۔جبکہ مہینے کی آخری ہفتہ وار کلاس میں "مسنون دعائیں" کتاب کی بجائے "سبق آموز کہانیاں" سے ایک کہانی، لطیفہ اور چند نصیحت کی باتیں سنائی جاتی ہیں۔یاد رہے کہ اس مرحلے کے اختتام تک پہلے پانچ پارے ناظرہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ "مسنون دعائیں" مکمل کروائی جاتی ہیں۔

**چوتھا مرحلہ**: جب طالب علم پارہ نمبر۶ شروع کرتے ہیں تو اس دوران ہفتہ وار کلاس میں کتاب "سیرت النبی ﷺ واسلامی معلومات" جبکہ مہینے کے آخری ہفتہ میں کتاب "سیرت النبی ﷺ واسلامی" معلومات کی بجائے "سبق آموز کہانیاں" سے ایک کہانی، لطیفہ اور کچھ نصیحت کی باتیں سنائی جاتی ہیں۔یاد رہے کہ اس مرحلے کے اختتام یعنی دسویں پارے تک کتاب "سیرت النبی ﷺ واسلامی معلومات" مکمل کروائی جاتی ہے۔

**پانچواں مرحلہ**: اس مرحلے کے دوران پارہ نمبر ۱۱ تا پارہ ۳۰ ناظرہ کے ساتھ ساتھ ہفتہ وار کلاس میں تقریر اور فنِ تقریر کتاب اور دیگر کتب یعنی :

☆ ابتدائی اسلامی تعلیمات۔ ☆ مسنون دعائیں۔ ☆ سیرت النبی ﷺ اور اسلامی تعلیمات۔ ☆ اسلامی کہانیاں کا اعادہ کیا جاتا ہے تا کہ مذکورہ کتابیں بچوں کو ذہن نشین ہو جائیں۔

اوپر دی گئی بحث کو جدول کی شکل میں یوں دکھایا جا سکتا ہے۔

## گروپ [الف]

## قاعدہ/ناظرہ پڑھنے والے طالب علموں کے لئے

| مرحلہ | سبق ۵ دن | ۱ دن ہفتہ وار | ۱ دن ماہوار |
|---|---|---|---|
| قاعدہ پڑھنے والے پہلا مرحلہ | ابتدائی تکمیل تعلیم القرآن قاعدہ | ابتدائی اسلامی تعلیمات، دعائیں نماز حصہ اول بمع عملی مشق | — |
| دوسرا مرحلہ | تعلیم القرآن قاعدہ | ابتدائی اسلامی تعلیمات مکمل کتاب، نماز حصہ دوم بمع عملی مشق | — |
| تیسرا مرحلہ | ناظرہ قرآن پاک پارہ نمبر ۱ تا ۵ | مسنون دعائیں | سبق آموز کہانیاں |
| چوتھا مرحلہ | ناظرہ قرآن پاک پارہ ۶ تا پارہ ۱۰ | سیرت النبی ﷺ اسلامی معلومات | سبق آموز کہانیاں |
| پانچواں مرحلہ | ناظرہ قرآن پاک پارہ ۱۱ تا ۳۰ | مذکورہ بالا کتب کی دہرائی + تقریر اور فن تقریر | بزم ادب مقابلہ |

☆------☆------☆

# گروپ [ب] حفظ کرنے والے طالب علموں کیلئے

حفظ کرنے والے ایسے بچے جنہوں نے ناظرہ پڑھتے وقت تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی کا نصاب نہ پڑھا ہو انہیں مذکورہ نصاب مندرجہ ذیل ترتیب سے پڑھایا جاتا ہے۔

**پہلا مرحلہ :**

ابتدائی حفظ کرنے والے بچے، بچیوں کو [ پارہ عمّ ] حفظ کروانے کے ساتھ ساتھ ہفتے میں ایک دن متعین کر کے ابتدائی اسلامی تعلیمات جبکہ مہینے کی آخری ہفتہ وار کلاس میں ابتدائی اسلامی تعلیمات کی جگہ کتاب "سبق آموز کہانیاں" سے ایک کہانی، لطیفہ اور کچھ نصیحت کی باتیں سنائی جاتی ہیں۔ یاد رہے کہ اس مرحلے میں "ابتدائی اسلامی تعلیمات" کو دو پاروں کے حفظ تک مکمل کروادیا جاتا ہے۔ اور حفظ کرنے والے بچے، بچیوں کو مکمل نماز مع عملی مشق بھی ہفتہ وار کلاس میں سکھائی جاتی ہے۔

**دوسرا مرحلہ :**

دو پارے حفظ کرنے کے بعد مزید پارے [۳ تا ۶] حفظ کرانے کے دوران ہفتہ وار کلاس میں "کتاب مسنون دعائیں" پڑھائی جاتی ہے جبکہ مہینے کے آخری ہفتہ وار کلاس میں کتاب مسنون دعائیں کی جگہ کتاب "سبق آموز کہانیاں" سے ایک کہانی، لطیفہ اور کچھ نصیحت کی باتیں سنائی جاتی ہیں۔ یاد رہے کہ اس مرحلے میں پانچ پارے حفظ کروانے تک مذکورہ دونوں کتابیں [مسنون دعائیں، سبق آموز کہانیاں] ہفتہ وار کلاسز میں مکمل کروایا جاتا ہے۔

**تیسرا مرحلہ :**

پارہ ۷ تا ۲۹ تک حفظ کے ساتھ ساتھ ہفتہ وار کلاس میں "سیرت النبی ﷺ و اسلامی معلومات" کتاب پڑھائی جاتی ہے جبکہ ماہوار کلاس میں تقریر وفن تقریر کی مشق کروائی جاتی ہے۔

**خصوصی مرحلہ :** حفظ کرنے والے بچوں نے اگر تعلیم القرآن قاعدہ نہیں پڑھا تو انہیں "تعلیم القرآن قاعدہ" اور "اَعلم آسان تجوید" مذکورہ کتب کے اختتام پر ہفتہ وار کلاس میں پڑھائی جاتی ہے۔

## گروپ [ب]

## حفظ کرنے والے طالب علموں کے لئے

| مرحلہ | سبق ۵ دن | ۱ دن ہفتہ وار | ۱ دن ماہوار |
|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | پارہ عمّ | اسلامی تعلیمات، دعائیں، نماز حصہ اول بمعہ عملی مشق | سبق آموز کہانیاں |
| دوسرا مرحلہ | پارہ ۲ تا ۶ | مسنون دعائیں | سبق آموز کہانیاں |
| تیسرا مرحلہ | پارہ نمبر ۷ تا ۲۹ | سیرت النبیؐ و اسلامی معلومات | تقریر وفنِ تقریر |
| خصوصی مرحلہ | دوران حفظ | قاعدہ تعلیم القرآن + اَعلم آسان تجوید | ——— |

## گروپ [ج] ابتدائی ترجمہ پڑھنے والے طالب علموں کے لئے:

وہ بچے جو ابتدائی ترجمہ کلاسز میں شامل ہوں ۔انہیں روزانہ ترجمہ کلاس کے ساتھ ساتھ 15 منٹ کتاب "ابتدائی اسلامی معلومات" جبکہ ہفتہ وار کلاس میں کتاب "سبق آموز کہانیاں" سے ایک کہانی، لطیفہ اور کچھ نصیحت کی باتیں سنائی جاتی ہیں۔

روزانہ 15 منٹ اسلامی تعلیمات پڑھانے کے بعد جب یہ کتاب ختم ہو جائے تو اس کی جگہ "مسنون دعائیں"، "سیرت النبی ﷺ و اسلامی معلومات" روزانہ جبکہ کتاب "سبق آموز کہانیاں" ہفتہ وار سبق کی بنیاد پر پڑھائی جاتی ہے۔

نوٹ: ترجمہ پڑھنے والے بچوں نے اگر تعلیم القرآن قاعدہ نہیں پڑھا تو انہیں "تعلیم القرآن قاعدہ" اور "اعلم آسان تجوید" مذکورہ کتابوں کے ختم ہونے کے بعد ہفتہ وار کلاس میں پڑھائی جاتی ہے۔

### گروپ [ج]

### ابتدائی ترجمہ پڑھنے والے طالب علموں کے لئے

| مرحلہ | سبق ۵ دن | ۱ دن ہفتہ وار | ۱ دن ماہوار |
| --- | --- | --- | --- |
| پہلا مرحلہ | روزانہ ترجمہ قرآن +<br>ابتدائی اسلامی معلومات<br>15 منٹ | سبق آموز کہانیاں<br>تعلیم القرآن قاعدہ۔<br>اعلم آسان تجوید | |
| دوسرا مرحلہ | روزانہ ترجمہ +<br>مسنون دعائیں۔سیرت النبی و<br>اسلامی معلومات | سبق آموز کہانیاں<br>تعلیم القرآن قاعدہ۔<br>اعلم آسان تجوید | |

## [۴] تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی کے نصاب کا دوسرا حصہ

### ☆ دیگر ہم نصابی سرگرمیاں:

بچوں کی ذہنی نشو ونما، فطری ضروریات اور تعلیم وتربیت کے پیش نظر تعلیمی وتدریسی مواد پڑھانے کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے جس کا مقصد بچوں میں خود اعتمادی، پختگی رائے اور روزمرہ زندگی کے معاملات وامور سے انہیں روشناس کرانا ہے ۔ان سرگرمیوں کی تفصیل ذیل میں دی جاتی ہے:

### ☆ بزم ادب [ ہر چار ماہ بعد ]

بچوں میں تقریری صلاحیتوں کو ابھارنے ، دعوت دین کا فریضہ بحسن وخوبی ادا کرنے ،احساس کمتری دور کرنے اور اپنا مافی الضمیر دوسروں تک آسانی سے پہنچانے کے لئے ہر چار ماہ بعد بزم ادب کا انعقاد کیا جاتا ہے ۔جس میں بچے حمد ،نعت اور مختلف موضوعات پر تقاریر کرتے ہیں۔

### ☆ کوئز پروگرام :[ ہر چار ماہ بعد ]

بچوں میں یاد کرنے کی عادت ڈالنے، مسابقہ، قوت حافظہ کی تیزی اور مضبوطی کے لئے ہر چار ماہ بعد کوئز پروگرام کا انعقاد ہوتا ہے ۔جس کی تیاری کے لئے بچے مختلف کتابوں سے سوالات کے جوابات یاد کرتے ہیں ۔اس مرحلے میں سوسائٹی کے نصاب میں شامل کتاب "سیرت النبی ﷺ واسلامی معلومات" انتہائی مفید کتاب ہے ۔جس سے بچوں کی ذہنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے ساتھ ساتھ ان کے ذخیرہ معلومات میں بھی خاطر خواہ اضافہ

ہوجاتا ہے۔

☆ اصلاحی کلاس [ماہانہ]

ہمارا مقصد صرف نصاب پڑھانا نہیں بلکہ اصل مقصد بچوں کی اصلاح، ہر لحاظ سے ان کی تربیت اور انہیں معاشرہ کا ایک کامیاب اورکارآمد فرد بنانا ہے اس لئے اسباق اور تعلیمی سلسلہ کے ساتھ ساتھ ہر ماہ تمام بچوں کے لئے ایک اصلاحی کلاس کا انعقاد ہوتا ہے جس میں بچوں کی اصلاح کے لئے بیان ہوتا ہے۔ چونکہ موجودہ دور میں ہر طرف فتنے، بے حیائی اور دیگر گناہوں کا سیلاب رواں دواں ہے اس لئے شدید ضرورت ہے کہ بچوں کی ظاہری اور باطنی تربیت کی جائے۔ اس سلسلے میں ماہانہ اصلاحی کلاس میں بچوں کو اخلاق و آداب سکھانے نیکی اور بدی میں تمیز، والدین کی عزت گھر اور معاشرہ کے دیگر افراد کے ساتھ تعلق اور میل جول کے ساتھ ساتھ زندگی گزارنے کے اصول و قواعد بچوں کو ذہن نشین کرائے جاتے ہیں۔

☆ طعام پروگرام: [ہر چار ماہ بعد]

فطری طور پر بچے درس گاہ اور سبق کی پابندی سے بہت جلد اکتا جاتے ہیں۔ اپنی آزاد فطرت کے باعث وہ کھلے ماحول اور ہر قسم کی پابندیوں سے آزاد رہنا پسند کرتے ہیں۔ بچوں کی اسی فطرت کے پیش نظر ان کی دلجوئی کے لئے ہر چار ماہ بعد طعام پروگرام کا انعقاد ہوتا ہے جس میں بچے اپنی جیب خرچ سے آپس میں ہلکی پھلکی طعام پارٹی کا انتظام کرتے ہیں جس میں تمام بچے شریک ہوتے ہیں۔ اس کا ایک فائدہ یہ ہوتا ہے کہ بچوں میں انفاق [خرچ] کی خاصیت پیدا ہو جاتی ہے اور دوسرا یہ کہ وہ ذہنی طور پر پرسکون ہو کر پڑھائی پر توجہ دینے لگتے ہیں

☆ یوم والدین [سالانہ/ششماہی]

بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں اور دیگر مراحل سے والدین کی آگاہی انتہائی اہم ہے، تعلیم وتربیت کے اس سلسلے میں والدین کی براہ راست شمولیت اور اس سلسلہ میں مزید بہتری کے لئے والدین اور سرپرستوں سے مشاورت کے لئے یوم والدین کے نام سے ششماہی یا سالانہ تقریب کا اہتمام کیا جاتا ہے اس کے علاوہ وقتاً فوقتاً سوسائٹی کے انچارج اور ناظم سوسائٹی سے ملحقہ مدارس کے دورے بھی کرتے ہیں۔

[۵] تربیت معلّمین: [سالانہ]

کسی بھی نصاب ونظام تعلیم کی کامیابی یا بالفاظ دیگر صحیح تعلیم وتربیت کی فراہمی کے لئے بچے سے زیادہ استاد پر محنت اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔استاد جس قدر اعلیٰ اخلاق وبلند کردار ہوگا اسی قدر شاگرد میں یہ صفات موجود ہوں گی۔

اسی اہمیت اور افادیت کے پیش نظر معلّمین ومعلمات کے لئے سالانہ بنیاد پر چند روزہ تربیتی کلاسز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔جس میں اساتذہ کو اصول تعلیم کی روشنی میں معلم، درس وتدریس، درسگاہ اور سب سے بڑھ کر ایک اچھے معلم کے حوالے سے ہدایات دی جاتی ہیں

اس تربیتی کلاس میں تعلیم القرآن قاعدہ پڑھانے والے معلّمین ومعلمات کو قاعدہ پڑھانے کا طریقہ کار اور بچوں کو صحیح تربیت دینے کے لئے ٹریننگ بھی دی جاتی ہے

تربیتی کلاس کے علاوہ معلّمین ومعلمات کے لئے مختلف اوقات میں مختصر دورانیے کے ریفریشر کورسز [تربیتی نشستیں] بھی کروائی جاتی ہیں۔جن سے اساتذہ کی معلومات اور تجربات ذہن میں مستحضر رہتے ہیں۔اس مقصد کے حصول کے لئے سوسائٹی نے ایک مختصر رسالہ

"تدریب المعلمین" کے نام سے بھی تیار کیا ہے۔قاعدہ،ناظرہ پڑھانے والے اساتذہ کے لئے اس رسالہ کو اپنے مطالعہ میں رکھنا بہت فائدہ مند ہے۔

## تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی کی چند اہم خصوصیات

### ۱۔ کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ:

تبلیغ القرآن سوسائٹی کے زیرِ اہتمام چلنے والے مکاتب ومدارس کے تمام طلبا وطالبات کا ریکارڈ محفوظ رکھنے کے لئے باقاعدہ کمپیوٹر سافٹ ویئر بنایا گیا ہے۔جس میں طلبہ کے حوالے سے مکمل کوائف یعنی ان کے نام،ولدیت،تاریخ پیدائش،تاریخ داخلہ،رابطہ نمبر اور پتہ وغیرہ محفوظ کئے جاتے ہیں۔

### ☆ پراگرس رپورٹ:

بچے کے تعلیمی معیار،امتحانی نتائج اور حاضریوں کے حوالے سے ایک رپورٹ تیار کی جاتی ہے۔اس رپورٹ کی ایک کاپی والدین اور ایک متعلقہ مدرس کو بھیجی جاتی ہے

### ☆ والدین کو باخبر رکھنا:

بچے کی نصابی سرگرمیوں،تعلیمی ترقی،جائزہ وامتحانی رپورٹ سے والدین کو وقتاً فوقتاً بذریعہ SMS یا دیگر ذرائع سے مطلع کیا جاتا ہے۔

### ☆ انعامات اور اسناد:

بچوں کی حوصلہ افزائی،محنت اور پڑھائی کا جذبہ بڑھانے کے لئے مختلف مواقع پر بچوں کو انعامات تعریفی اسناد،شیلڈز اور کتب دی جاتی ہیں

### ☆ امتحانات اور جائزے:

تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی کے اس نظام میں معلم اور متعلم کے کارکردگی کو جانچنے اور ان کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے مندرجہ ذیل ترتیب سے امتحانات [جائزے] کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

**۱۔ دوماہ بعد :**

ہر دوماہ بعد تمام کلاسز [قاعدہ، ناظرہ، حفظ، ترجمہ] کے گزشتہ دوماہ میں پڑھائے گئے [روزانہ اور ہفتہ وار] اسباق کا زبانی ٹسٹ [امتحان] لیا جاتا ہے۔

**۲۔ چار ماہ بعد:**

ہر چار ماہ بعد تمام کلاسز کیلئے ایک باقاعدہ امتحان ہوتا ہے جس میں بچے کی نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کا جائزہ بالغرض حاضری سے لیکر سبق اور اسکے ساتھ اخلاقی اور دیگر پہلوؤں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

مذکورہ امتحان کا مکمل نتیجہ رجسٹر امتحانات میں درج کیا جاتا ہے اور والدین کو پراگرس رپورٹ کی شکل میں ارسال کیا جاتا ہے۔

☆------☆------☆

# اثرات،ثمرات وفوائد

تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی کا مقصد چونکہ قاعدہ، ناظرہ، حفظ قرآن اور ترجمہ پڑھنے والے طالب علموں کے لئے ایک ایسا جامع دینی، تعلیمی اور تربیتی نظام پیش کرنا ہے جس سے طالب علم کو عالم اسلام خصوصا پاکستان کی دینی وملی ترقی اور بہبود کے لئے تیار کرنا ہے،ایک ایسا صحیح العقیدہ اور باعمل مسلمان جس کو قومی مفاد عزیز ہو، جو قومی مفاد کے منافی کوئی کام نہ کرے، جو ملک کا مہذب شہری اور دین اسلام کا خیر خواہ ہو۔

اس لئے ایک طرف تعلیمی ضروریات کو مد نظر رکھ کر ایک مکمل تدریسی نصاب ترتیب دیا گیا ہے تو دوسری طرف تربیتی نظام پیش کرنے کے لئے ہم نصابی سرگرمیوں کا ایک مربوط سلسلہ تشکیل دیا گیا تا کہ اس نظام سے مستفید ہونے والے طالب علم کی صرف تعلیمی معیار نہیں بلکہ ہمہ جہت تربیت ونشوونما مکمل ہو چکی ہو۔اس کے اخلاق، عادات، اطوار، کردار اس کے ایک باعمل مسلمان ہونے کی گواہی دیں۔وہ قول اور فعل کی ہم آہنگی کی ایک مثال ہو اور معاشرے کے دیگر لوگوں کے لئے ایک رول ماڈل ہو۔

امید ہے کہ آپ بھی اپنے لئے، اپنے بھائی بہن کے لئے، اپنے بچے بچیوں کے لئے ایک ایسے ہی پروگرام کے متلاشی ہوں گے جو ہماری کاوش ہے۔امید واثق ہے کہ آپ ہماری کتب اور سرگرمیوں کا مطالعہ کرکے نہ صرف اپنی بلکہ دیگر افراد کی بھی صحیح سمت میں راہنمائی کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

معاشرے کی بہتری کے لئے طالب دعا

تبلیغ القرآن تعلیمی سوسائٹی